پریس ریلیز

شیل پاکستان نے 2024ء کی پہلی ششماہی کے مالی نتائج کا اعلان کر دی

کراچی، پاکستان، 26 اگست، 2024: شیل پاکستان لمیٹڈ (ایس پی ایل) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سنہ 2024ء کی پہلی ششماہی کے لیے کمپنی کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ اس اعلان کے مطابق، کمپنی نے گزشتہ برس کے، اِسی عرصے میں، حاصل ہونے والے 3.5 ارب روپے کے بعد از ٹیکس منافع کے مقابلے میں 1.3 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا۔

ماہ اکتوبر، 2023ء میں شیل پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ نے شیل پاکستان لمیٹڈ میں اپنی تمام شیئر ہولڈنگ کی فروخت کی غرض سے وافی انرجی ایل ایل سی (حاصل کنندہ) کے ساتھ حصص کی خریداری کا معاہدہ (Share Purchase Agreement) معاہدہ کیا، جس پر کام جاری ہے۔ ماہ اپریل، 2024ء میں، پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر مذکورہ بالا کے حوالے سے ایک ضمیمہ پوسٹ کیا گیا تاکہ حاصل کنندہ (Acquirer) کے سرمائے کی ملکیت کے ڈھانچے میں تبدیلی کی عکاسی کی جا سکے، جسے وافی انرجی ہولڈنگ لمیٹڈ (Wafi Energy Holding Limited) نے وافی انرجی ایل ایل سی (Wafi Energy LLC) کو 'حاصل کنندہ' کے طور پر تبدیل کر دیا تھا۔

مؤرخہ 27 جولائی 2024ء کو عارف حبیب لمیٹڈ نے وافی انرجی ہولڈنگ لمیٹڈ کی جانب سے 24,162,179 عمومی حصص کے حصول کی پیشکش کا اعلان کیا جو 11.29 فیصد بنتا ہے۔ ٹرانزیکشن کی تکمیل ریگولیٹری منظوریوں کی وصولی، قانونی تقاضوں کی تکمیل اور دیگر اختتامی رسمی کارروائیوں کی تکمیل سے مشروط ہے۔

اس عرصے کے دوران، شیل پاکستان لمیٹڈ نے نسبتاً مستحکم میکرو اکنامکس حالات کے کی مدد سے اپنے مارکیٹ شیئر کو برقرار رکھا۔ ماہ جون میں افراط زر کی شرح کم ہو کر 12.6 فیصد ہو گئی جب کہ گزشتہ سال دسمبر میں یہ 30 فیصد کی بلند ترین سطح پر تھی۔ اس عرصے میں شرح تبادلہ بھی نسبتاً مستحکم دیکھی گئی۔

موبیلٹی کے کاروبار کے نیٹ ورک میں 10 نئے اسٹیشنوں اور 60 غیر ایندھن خوردہ یونٹوں کا اضافہ ہوا۔ لیوبریکنٹس کے کاروبار نے ایم جی موٹرز کے ساتھ ایک خصوصی معاہدے پر دستخط کیے، جس کے نتیجے میں ایم جی گاڑیوں کے لیے شیل ہیلکس موٹر آئل کا استعمال کیا جائے گا۔ مزید برآں شیل تعمیر نے لاہور، کراچی، جامشورو اور فیصل آباد کے مختلف تعلیمی اداروں اور انکیوبیشن سینٹرز میں انٹرپرینیورشپ اور بزنس ماڈل کینوَس پر مرکوز ورکشاپس میں تقریباً 200 طلباء کو شامل کیا۔

شیل پاکستان لمیٹڈ آپریشنل عمدگی، سیفٹی پرفارمنس، اپنی مالی پوزیشن کو مضبوط بنانے اور معاشرے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

☆☆☆